The Rotherham NHS Foundation Trust

جانوروں کی مصنوعات سے
حاصل کی جانیوالی ادویات

فارمیسی

مریض کی معلومات

ہماری سروسز سے متعلق آپ کے تجربے کے بارے میں سننا نہایت اہم ہے کیونکہ اس کا مطلب ہے کہ ہم اپنے عملے کو تعریف کے بارے میں بتا سکتے ہیں اور جہاں ضروری ہو بہتریا لا سکتے ہیں۔
آپ کیا سوچتے ہیں اس بارے میں درج ذیل پر ای میل کر کے ہمیں بتائیں: yourexperience@rothgen.nhs.uk

جب آپ ہسپتال میں تشریف لائیں تو اپنی ادویات اپنے ہمراہ لائیں

- تجویز کردہ ادویات
- ادویات جو آپ نے خریدی ہیں
- متبادل اور نباتاتی ادویات
- انہیلرز

اگر آپ کو یہ دستاویز کسی اور زبان، بڑے پرنٹ، بریل، آڈیو یا آسان پڑھنے کی وضع میں مطلوب ہے، تو براہ مہربانی ہمارے صحت کے نگہداشت مہیا کروں کو کہیں*

***نگہداشت صحت مہیاکاروں کے لئے نوٹ:**

ترجمہ شدہ / ایزی ریڈ نگہداشت صحت کی معلومات کا ماخذ **ایزی ریڈ کی ویب سائٹس** ہو سکتی ہیں جن کا ایک کتابچہ کی عقبی جانب اندراج ہے یا انہیں ہماری ترجمہ کی کمپنی **پرل لنگوئسٹکس (Pearl Linguistics)** سے رابطہ کر کے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

پرل لنگوئسٹکس (Pearl Linguistics) ان سائٹ پر تلاش کے اختیار کے ذریعے اس تک رسائی کی جا سکتی ہے۔

کون سی ادویات جانوروں کی مصنوعات پر مشتمل ہوتی ہیں؟

متعدد ادویات جانوروں، عام طور پر سوروں یا گائیوں سے حاصل کردہ اجزاء پر مشتمل ہوتی ہیں۔ ان میں شامل ہیں:

- خون کے لوتھڑے بننے کو روکنے یا اس سے بچنے کے لئے ہیپیرین قسم کی ادویات
- بعض انسولینز
- پنکریاٹک انزائم سپلیمنٹس
- MMR vax PRO® (خسرہ، کنپیڑے اور جرمن خسرہ کی ویکسین کی ایک قسم)
- قبل از وقت پیدا ہونیوالے بچوں کے پھیپھڑوں کی پیش رفت میں مدد کے لئے علاج
- جیلاٹن کیپسولز

کچھ مریضوں کے لئے اس کے مضمرات ہو سکتے ہیں جیسے کہ مسلمان، یہودی، بدھ، ہندو، سکھ، سبزی خور، اور ویجنز۔

میرے عقائد مجھے وہ ادویات لینےکی اجازت نہیں دیتے جن کا ماخذ جانور ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کو ان مصنوعات میں سے کسی کے ساتھ علاج قبول کرنے میں تحفظات ہو سکتے ہیں۔

مثال کے طور پر:

ایک عمومی اصول کے طور پر، مسلمانوں کو خنزیر کے گوشت کی کسی بھی شکل کی اجازت نہیں ہے لیکن جب کوئی مناسب متبادل موجود نہ ہو اور صحت میں بگاڑ کا خدشہ ہو تو اسلامی قوانین سوروں سے حاصل کردہ ادویات کی اجازت دے دیتے ہیں۔ اسلامی قانون کے اصولوں میں سے ایک بیان کرتا ہے کہ، "ضروریات ممانعت پر حاوی ہیں"۔

برطانیہ کی مسلم کونسل مسلمان مریضوں کی اس معاملے پر بات چیت کرنے کے لئے حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ وہ اپنے مقامی مسلمان امام/عالم سے مشورہ حاصل کریں۔

یہودیت میں سور کا گوشت غذا میں سختی سے حرام ہے لیکن کھانے اور زبانی طور پر نہ لی جانیوالی ادویات کو 'کھانے' کے طور پر نہیں سمجھا جاتا ہے۔ اس طرح سے انجکشنز کے سلسلے میں کوئی پابندیاں نہیں ہیں۔ بیمار مریض میں، سور سے اخذ کردہ ادویات کی اجازت ہے اگر اسے 'خوردنی' نہ سمجھا جائے۔
اگر کوئی شک ہو تو ایک عالم سے مشورہ کریں۔

سبزی خور اور ویگنز میں جانوروں سے حاصل کردہ ادویات سے متعلق تحفظات ہونے کا امکان ہے۔

آپ اپنے ڈاکٹر، فارماسسٹ یا اگر مناسب ہو تو اپنے مذہبی رہنما کے ساتھ ان مسائل پر بات چیت کر سکتے ہیں۔

کیا کوئی متبادل موجود ہیں؟

دیگر ادویات دستیاب ہو سکتی ہیں۔ کچھ صورتوں میں، دیگر ادویات دستیاب ہیں لیکن ہو سکتا ہے وہ اتنی مؤثر نہ ہوں، یا آپ کے لئے موزوں نہ ہوں، یا ان کے کچھ مضر اثرات ہوں۔ دیگر صورتحال میں کوئی متبادل نہیں ہیں۔

متبادل کیا ہیں؟

- **ہیپارین قسم کی ادویات:** بعض صورتوں میں آپ ایک علاج کرا سکتے ہیں جس کا ماخذ سور نہیں ہیں۔ دیگر صورتوں میں ایک متبادل ہو سکتا ہے، لیکن ہو سکتا ہے یہ آپ کے لئے موزوں نہ ہو، یا اتنا موثر نہ ہو، یا اس کے زیادہ ضمنی اثرات ہو سکتے ہیں۔ دیگر صورتحال میں کوئی متبادل نہیں ہے۔ اپنے ڈاکٹر یا نرس سے بات چیت کریں۔

- **انسولین:** زیادہ تر لوگوں کا علاج انسانی انسولین سے کیا جاتا ہے۔ اگر آپ جانوروں کی انسولین سے تبدیل کرتے ہیں تو خوراک کی مقدار کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے اور آپ کو زیادہ کثرت سے اپنے خون کی شکر/شوگر کی پڑتال کرنا پڑ سکتی ہے۔

- پنکریاس کے امراض کے لئے علاج کے لئے ادویات: کوئی متبادل علاج دستیاب نہیں ہیں۔

- **MMR (خسرہ، کنپیڑے اور جرمن خسرہ کی ویکسین:** ایک ویکسین جس کے کوئی اجزاء نہیں ہیں، جسے سوروں سے حاصل کیا گیا، دستیاب ہے۔ اس اختیار کے بارے میں اپنے ڈاکٹر سے پوچھیں۔

- **قبل از وقت پیدا ہونیوالے بچوں کے پھیپھڑوں کی پیش رفت میں مدد کے لئے علاج** اس سلسلے میں صرف دو ادویات دستیاب ہیں۔ ایک کا ماخذ سور ہیں جبکہ دوسری ما خذ گائیں ہیں۔

- **جیلاٹن کیپسولز** فارماسسٹ سے پوچھیں اگر آپ کی دوا کی کوئی اور شکل موجود ہے جیسا کہ بصورت شربت۔
اگر نہیں، تو ہم آپ کو انہی اثرات کے ساتھ ایک ویسی ہی دوا دینے کے قابل ہو سکتے ہیں۔

میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

اگر آپ اپنی ادویات میں سے کسی کے بارے میں تشویش رکھتے ہیں، تو براہ مہربانی اپنی نرس، دایہ یا ڈاکر سے بات کریں جو اس بارے میں آپ کی ایک فارماسسٹ یا مذہبی رہنما کے ساتھ بات کرنے کا بندوبست کر سکتے ہیں۔

ہم سے کیسے رابطہ کریں

ادویات معلومات کی ہیلپ لائن

ٹیلیفون 01709 424337

سوئچ بورڈ

ٹیلیفون 01709 820000

مفید رابطہ نمبر

اگر ایک ہنگامی صورتحال نہیں ہے، تو ایک A&E جانے سے پہلے، براہ مہربانی ایک فارمیسی کے استعمال پر غور پر کریں یا NHS 111 پر کال کریں۔

NHS 111 سروس

ٹیلیفون 111

صحت کی معلومات

ٹیلیفون 01709 427190

سگریٹ نوشی چھوڑنے کی خدمات

ٹیلیفون 01709 422444

A&E

ٹیلیفون 01709 424455

بعد کے اوقات کے لئے، اپنی سرجری سے رابطہ کریں

ایزی ریڈ ویب سائٹس

www.easyhealth.org.uk
www.friendlyresources.org.uk
www.easy-read-online.co.uk

مفید ویب سائٹس

www.therotherhamft.nhs.uk
www.nhs.uk
www.gov.uk
www.patient.co.uk

ہم آپ کے تبصروں کی قدر کرتے ہیں

اگر آپ ہماری مہیا کردہ خدمات کے بارے میں کوئی تبصرہ یا تحفظات رکھتے ہیں تو براہ مہربانی ہمیں بتائیں، یا متبادل طور پر آپ مریض تجربہ کی ٹیم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

مریض تجربہ ٹیم

The Oldfield Centre
The Rotherham NHS Foundation Trust Rotherham Hospital
Moorgate Road
Rotherham
S60 2UD
ٹیلیفون: 01709 424461
پیر تا جمعہ
9.00 بجے صبح سے 4.00 بجے شام
ای میل:
yourexperience@rothgen.nhs.uk

مڈیارک شائر ہوسپٹلز NHS ٹرسٹ کی جانب سے تخلیق کردہ دستاویز سے اخذ کردہ۔ تحریر کردہ بطور جناب اسٹیفن پوکو (Mr Stephen Poku) (کنسلٹنٹ اوبسٹیٹرک اینڈ گائنی) 01709 424190 کرسٹینا ڈیزیلیک (Christina Dezelak) (ادویات معلومات فارماسسٹ) 01709 424126 اور محمد حسین (Mahmood Hussain) (مساوات اور تنوع کا مشیر) 01709 427686 نومبر 2010- دوہرائی مئی 2012، دسمبر 2015- دوہرائی واجب دسمبر 2017- ورژن: 3.0.

© The Rotherham NHS Foundation Trust 2015. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

ہسپتال سائٹ پلان



روردہیم بنیادی راستے



پائیدار جنگلات / کم کلورین



LS 623 05/15 V3 جونز اینڈ بروک

The Rotherham NHS
NHS Foundation Trust

رودرہیم ہسپتال مورگیٹ روڈ رودرہیم
S60 2UD

ٹیلیفون 01709 820000
www.therotherhamft.nhs.uk